SMURF (ایس ایم یو آر ایف) پارٹنرشپ پروجیکٹ
شہری دریاؤں اور سیلابی میدانوں کی
دیرپا انتظام کاری کا نفاذ

شہری دریاؤں کی دیرپا انتظام کاری

ایس ایم یو آر ایف پروجیکٹ کی ایک ورکشاپ

8 اور 9 مارچ 2004، برمنگھم، یو کے۔

کیا آپ شہری دریاؤں کی انتظام کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ کیا آپ شہری دریاؤں کے کیچ مینٹس (وہ رقبہ یا علاقہ جو کسی دریا یا دریائی نظام کے حدود میں آتا ہے) علاقوں میں منصوبہ بندی اور ترقی یا واٹر فریم ورک ڈائرکٹو کے نفاذ کی ذمہ داری لیتے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو یہ ورکشاپ آپ کے لیے دلچسپی کی باعث ہو سکتی ہے۔

شہری دریاؤں اور سیلابی میدانوں کی دیرپا انتظام کاری (ایس ایم یو آر ایف) کا پروجیکٹ ایک ماحولیاتی ایجنسی کے زیر قیادت ایک ایسا اشتراک عمل ہے جو اس کی تحقیق کرتا ہے کہ واٹرفریم ورک ڈائرکٹو کے اندر شامل کیے گئے دریا کے پاٹ کی منصوبہ بندی کا اطلاق حد درجہ ترمیم شدہ اور فرسودہ شہری دریاؤں کے کیچ مینٹ علاقوں پر کیسے کیا جاسکتا ہے۔ اس LIFE (ایل آئی ایف ای) پروجیکٹ کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ مختلف ذرائع اور طریقوں کا نفاذ کس طرح دیرپا سطح پر پانی کی انتظام کاری کے ان مسائل کو حل کر سکتا ہے جو یوروپ بھر میں کئی صنعتی شہروں اور قصبوں میں مشترک ہیں۔

1½ دن کی یہ ورکشاپ پروجیکٹ کے بنیادی اجزاء میں سے تین اجزاء کے بارے میں معلومات فراہم کرے گی:

- جی آئی ایس (جغرافیائی معلوماتی سسٹم) پر مبنی کیچ مینٹ علاقوں کی منصوبہ بندی کا ایک نظام
- شہری دریاؤں کے لیے دیرپا اظہاریوں (انڈی کیٹرز) کا ایک قابل منتقلی مجموعہ
- شہری دریاؤں کی انتظام کاری اور منصوبہ بندی میں شہریوں اور اس سے وابستہ مفاد رکھنے والوں کا اشتراک۔

یہ ورکشاپ ٹیم کے کیچ مینٹ علاقوں میں مختلف مقامات کے دوروں پر سیر حاصل بحث و مباحثہ کے موقع کے ساتھ پروجیکٹ سے متعلق متعدد مقالوں اور جی آئی ایس منصوبہ بندی کے نظام کے اطلاق سے متعلق مباحثوں اور مظاہروں پر مشتمل ہوگی۔ ورکشاپ کو مندوبین کی طرف سے پوسٹروں کی پیش کش کے لیے بھی ایک نشست مخصوص کی جائے گی۔

یہ ورکشاپ برمنگھم، یوکے، میں منعقد ہوگی۔ ورکشاپ میں شرکت مفت ہوگی جس میں مندوبین سے توقع کی جاتی ہے کہ اپنے سفر اور رہائش کا انتظام ذاتی طور پا کریں گے۔ تاہم، اگر مندوبین کو ورکشاپ کے مقام تک کے سفر میں کوئی دشواری پیش ہو، تو پروجیکٹ سفر کا خرچ برداشت کرنے میں تعاون دے سکتا ہے۔

ورکشاپ میں اپنی دلچسپی کے اظہار اور ورکشاپ یا ایس ایم یو آر ایف پروجیکٹ سے متعلق تفصیلات کے حصول کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں:

مارک اسکاٹ (Mark Scott)، پروجیکٹ مینیجر (ایس ایم یو آر ایف)
انوائرنمنٹ ایجنسی، ریورزمیٹ ہاؤس، نارتھ وے لین، نیوٹاؤن، انڈسٹریل اسٹیٹ، ٹیوکسبری، گلوس، GL20 8JG۔

ٹیلی فون: 850951 1684(0) 44+ فیکس: 293599 1684(0) 44+
ای-میل: mark.scott@environment-agency.gov.uk

پروجیکٹ سے متعلق مزید تفصیلات www.smurf-project.info پر دیکھی جاسکتی ہیں۔